# انٹر (پارٹ-II) لاہور بورڈ 2010ء

اردو اعلیٰ — پرچہ:II (معروضی طرز)

وقت:30 منٹ — کل نمبر:20

## (دوسرا گروپ)

نوٹ: اپنا رول نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی ہدایات کے مطابق لکھیے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔ یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ نتھی کیا جائے۔

-1 درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) خاکہ نگاری سے کیا مراد ہے؟

---

(ii) حج بیت اللہ کے بعد سلیمان منصور پوری کا وصال کہاں ہوا؟

---

---

(iii) مولوی عبدالحق کہاں پیدا ہوئے؟

---

(iv) مولانا الطاف حسین حالی نے کس کی کارکردگی سے خوش ہو کر تعریفی نظم لکھی؟

---

(v) مرزا فرحت اللہ بیگ ریٹائرمنٹ سے پہلے کس عہدہ پر تھے؟

---

(vi) غالب کی شخصیت اور شاعری کس کی تصنیف ہے؟

---

(vii) صلاح الدین ایوبی کون تھا؟

---

(viii) ''سی پارہ دل'' کس کی تصنیف ہے؟

---

(ix) سقراط کے باپ کا پیشہ کیا تھا؟

---

www.Say2Learn.com

(x) انجمن پنجاب کے سیکرٹری کون تھے؟

---

2- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک جواب درست ہے۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے 10

(i) ڈاکٹر سید عبداللہ کے بقول "فاشزم کی زبان ساری کی ساری ---- زبان ہے:

(تندرست۔ بیمار۔ بدصورت۔ خوبصورت)

(ii) عامر اور فلپ نے ----- کے نام پر مل کر ایک ساتھ ہی جان دی:

(مذہب۔ ریاست۔ انسانیت۔ نسل)

(iii) کس نے زور دے کر یہ بات بتائی کہ صرف اصلیت پر نظر ہونی چاہیے:

(سقراط۔ بقراط۔ ارسطو۔ افلاطون)

(iv) مجموعہ "نظم آزاد" کا مصنف ہے:

(ابوالکلام آزاد۔ محمد حسین آزاد۔ آزاد انصاری۔ جابر آزاد)

(v) احسن مارہروی کے پاس کس زبان کی کتابوں کا بہت اچھا ذخیرہ تھا:

(اردو۔ پنجابی۔ سندھی۔ فارسی)

(vi) مرزا غالب کے آبا و اجداد ---- تھے:

(سید۔ ترک۔ جاٹ۔ بٹ)

(vii) محمد ابراہیم ذوق نے کس کی شاعری پر اصلاح دی:

(میر تقی میر۔ میر درد۔ مرزا سودا۔ بہادر شاہ ظفر)

(viii) بہادر شاہ ظفر کس خاندان کے آخری بادشاہ تھے:

(لودھی۔ سوری۔ مغلیہ۔ غوری)

(ix) خواجہ حیدر علی آتش کے اجداد کہاں سے ہجرت کر کے شاہجہاں آباد آئے تھے:

(سری نگر۔ بغداد۔ سمرقند۔ جموں)

(x) غلام ہمدانی مصحفی کے شاعرانہ معرکے کس شاعر سے ہوئے:

(ولی۔ سراج۔ فیض۔ انشا)

---

www.Sayz2Learn.com

# انٹر (پارٹ-II) لاہور بورڈ 2010ء

اردو اعلیٰ — پرچہ:II (انشائیہ طرز)

وقت:2.30 گھنٹے — کل نمبر:80

## (دوسرا گروپ)
## (حصہ اول)

3- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 1,1,4,4

(i) کیا جھکے کعبے کی جانب کو ہے قبلا بادل — سجدے کرتا ہے سوئے یثرب و بطحا بادل

(ii) بحر امکاں میں رسولؐ عربی در یتیم — رحمت خاص خداوند تعالیٰ بادل

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے اور شعراء کا نام بھی تحریر کیجیے: 1,1,1,4,4,4

(i) جب نام تیرا لیجے تب چشم بھر آوے — اس زندگی کرنے کو کہاں سے جگر آوے

(ii) گر کیا ناصح نے ہم کو قید اچھا یوں سہی — یہ جنون عشق کے انداز چھٹ جائیں گے کیا

(iii) خرد کا نام جنوں پڑ گیا، جنوں کا خرد — جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

4- درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجیے: 2,1,1,6

میں تو خود یہاں تک احتیاط کرتا ہوں کہ جو لوگ کتاب کو پڑھ نہیں سکتے، وہ اسے خرید بھی نہ کریں، کیونکہ ان کو اس کی خریداری کی ترغیب دینا ایک قسم کی ناانصافی ہے۔ باقی رہا میں، سو میری طرح امت مرحومہ میں سیکڑوں آدمی آگے گزر گئے ہیں جنہوں نے رکاوٹوں کے ہوتے ہوئے کام کیا ہے۔ مجھ سے بھی جہاں تک ہو سکے گا انہیں کی تقلید کروں گا۔ شاید آپ نے کسی گذشتہ خط میں مجھ سے کونسل کی امیدواری کے متعلق دریافت کیا تھا۔ سو عرض ہے کہ لاہور کے مسلمانوں نے مجھ سے بہت کہا مگر میں نے انکار کر دیا۔

5- درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے: 6,4

(الف) ولی دکنی۔ (ب) حسرت موہانی۔

6- محمد حسین آزاد یا خواجہ حسن نظامی پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے: 3,2

7- "میاں محمد بخشؒ" پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 6,4

8- درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے: 20

(الف) علامہ محمد اقبالؒ۔ (ب) ذرائع ابلاغ اور ملکی ترقی۔

(ج) پاکستان کے موسم۔

www.sayalearn.com